[This question paper contains 4 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 11480**

Unique Paper Code : 2141002003

Name of the Paper : Urdu – C

Name of the Course : **AEC**

Semester : III

Duration : 2 Hours                                        Maximum Marks : 60

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

۱۔ نیچے لکھے شعری حصے کو دھیان سے پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ ۱۰

اٹھاؤ ہاتھ کہ دست دعا بلند کریں
ہماری عمر کا اک اور دن تمام ہوا
خدا کا شکر بجا لائیں آج کے دن بھی
نہ کوئی واقعہ گزرا نہ ایسا کام ہوا
زباں سے کلمۂ حق راست کچھ کہا جاتا
ضمیر جاگتا اور اپنا امتحاں ہوتا

(i) ہاتھ کس لیے اٹھائے ہیں؟

(ii) خدا کا شکر کیوں ادا کرنا ہے؟

(iii) زباں سے کیا نہیں نکل سکا؟

(iv) شاعر نے کس کے جاگنے کی بات کہی ہے؟

(v) اس نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بتائیے۔

۲۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ ۱۰

یہ تو ہم جانتے ہیں کہ سویرے اٹھنا ہو تو جلدی ہی سو جانا چاہیے، کھانا باہر سے ہی کھا آئے تھے۔ بستر میں داخل ہو گئے۔ چلتے چلتے خیال آیا کہ لالہ جی سے جگانے کے لیے کہہ ہی نہ دیں؟ یوں ہماری قوتِ ارادی کافی زبردست ہے، جب چاہیں اُٹھ سکتے ہیں لیکن پھر بھی کیا حرج ہے۔ ڈرتے ڈرتے آواز دی "لالہ جی!"

انہوں نے پتھر کھینچ کر مارا۔ 'یس'

(i) سویرے اٹھنا ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

(ii) کھانا کہاں کھایا گیا تھا؟

(iii) چلتے چلتے کیا خیال آیا؟

(iv) قوتِ ارادی کو ثابت کرنے کے لیے کیا کہا گیا ہے؟

(v) لالہ جی نے آواز کے جواب میں کیا کہا؟

۳۔ نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو مکمل کیجیے۔ ۵

(i) ستاروں سے آگے ________ اور بھی ہیں

(ii) یہ خلش کہاں سے ہوتی جو ________ کے پار ہوتا

(iii) ابھی ________ کے امتحاں اور بھی ہیں

(iv) ترے وعدے پہ جیے ہم تو یہ جان ________ جانا

(v) گلوں میں ________ بھرے، بادِ نو بہار چلے

۴۔ نیچے دیے ہوئے اشعار میں سے تین کی تشریح لکھیے۔ ۱۵

قفس اداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہرِ خدا آج ذکرِ یار چلے

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

بڑا ہے درد کا رشتہ یہ دل غریب سہی
تمہارے نام پہ آئیں گے غم گسار چلے

ہوئے مر کے ہم جو رسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا
نہ کبھی جنازہ اٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

۵۔ نظم 'رامائن' کا ایک سین کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے۔ ۱۰

یا

نظم 'شیشے کا آدمی' کے ذریعے شاعر کیا پیغام دیا ہے؟

۶۔ 'جی آیا صاحب' کی کہانی لکھیے۔ ۱۰

یا

غالب کی شاعری کی خوبیاں بتایئے۔